مطبوعات

ماہنامہ محدّث لاہور
کا
رسول نمبر حصہ اوّل و دوم

حصہ اوّل : قیمت : -/۷ روپے

حصہ دوم : قیمت : -/۹ روپے

صفحات : حصہ اوّل و دوم : ۴۳۲

شائع کردہ : مجلس التحقیق الاسلامی گارڈن ٹاؤن لاہور ۱۶

ماہنامہ محدّث لاہور ایک علمی اور دینی ماہنامہ ہے جو باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے اور اسلامی تعلیمات کو اپنی حقیقی روح کے ساتھ پھیلانے میں قابلِ قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ زیرِ تبصرہ شمارہ ماہنامہ محدث کا رسول نمبر ہے جو دو حصوں میں شائع کیا گیا ہے۔ حافظ عبدالرحمٰن صاحب مدنی نے، جو اس رسالہ کے مدیرِ اعلیٰ اور ایک عالم و فاضل شخصیت ہیں اس کی تیاری اور ترتیب میں کافی محنت اور حسنِ انتخاب کا ثبوت دیا ہے۔

رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تمام اہلِ ایمان کی محبت کا مرکز و محور ہیں اور سب ان کے سرچشمۂ فیض سے سیراب ہیں۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ فاضل مدیر نے گروہی تعصبات سے بالاتر ہو کر تمام مکتبۂ فکر کے اہلِ علم اور اہلِ قلم حضرات کے شحامت قلم سے استفادہ کیا ہے اور رسالہ کو ایک مشترک متاع بنا دیا ہے جس سے ہر مکتبۂ فکر کا فرد مستفیض ہو سکتا ہے۔ لکھنے والوں میں چوٹی کے علماء ہیں جن میں مولانا ابوالکلام آزاد، سید ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا عبدالماجد دریابادی، جسٹس بدیع الزمان کیکاؤس، حافظ نذر احمد، پروفیسر خالد علوی، پروفیسر منظور احسن عباسی وغیرہ شامل ہیں جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ ہر مضمون بڑا وقیع اور ندرت کا حامل ہے۔

رسول نمبر کے حصہ دوم میں دو مضمون "نامِ نامی، اسمِ گرامی، محمدؐ، احمد" اور "چہرہ اقدس" اگر پہلے حصہ کی زینت بنتے تو مضامین کی ترتیب زیادہ موزوں ہوتی۔

رسالہ کی کتابت و طباعت عمدہ ہے اور یہ سفید کاغذ پر چھپا ہے۔ ہر اہلِ ایمان کے پاس اس علمی دستاویز کی ایک کاپی ہونا ضروری ہے۔